URDU / اُردو

Paper I / I پرچہ

(LITERATURE) / (ادب)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے *Time Allowed : **Three** Hours*	کُل نمبر : 250 *Maximum Marks : **250***

سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات

برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو، جواب لکھنے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں:

اس پرچے میں آٹھ سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

سوال 1 اور 5 لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے تین (3) کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم سے کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر سامنے درج کر دیئے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی ہے تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جواب کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی، شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو۔ اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔

اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

Please read each of the following instructions carefully before attempting questions :

*There are **EIGHT** questions divided in **TWO SECTIONS.***

*Candidate has to attempt **FIVE** questions in all.*

*Questions no. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, any **THREE** are to be attempted choosing at least **ONE** from each section.*

The number of marks carried by a question / part is indicated against it.

*Answers must be written in **URDU**.*

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

Optional Province · optionalprovince.com

SECTION A

1Q. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ *10×5=50*

(a) اُردو زبان کے آغاز سے متعلق کسی ایک نظریہ پر اظہارِ خیال کیجیے۔ *10*

(b) جدید ہند آریائی زبانوں سے کیا مراد ہے۔؟ چند اہم زبانوں کی نشاندہی کرتے ہوئے سمجھائیے۔ *10*

(c) اُردو زبان کے فروغ میں تہذیبی اداروں کے کردار پر روشنی ڈالیے۔ *10*

(d) اُردو پر پنجابی کے اثرات کی نشان دہی کیجیے۔ *10*

(e) اُردو ذخیرۂ الفاظ کا جائزہ لیجیے۔ *10*

2Q. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

(a) اُردو کی انفرادیت پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔ *20*

(b) زبان اور بولی کے درمیان کو فرق کو سمجھاتے ہوئے اُردو کی کسی ایک اہم بولی پر اظہارِ خیال کیجیے۔ *15*

(c) کیا کھڑی بولی اردو زبان کی ابتدائی شکل کا نام ہے۔؟ مدلّل سمجھائیے۔ *15*

3Q. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

(a) دکنی اردو کی امتیازی خصوصیات کیا ہیں۔؟ *20*

(b) قطب شاہی دور کی شعری خدمات پر اظہارِ خیال کیجیے۔ *15*

(c) دکنی شاعری میں ہندستانی عناصر کی نشان دہی کیجیے۔ *15*

Optional Province · optionalprovince.com

4Q. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔

(a) ''اُردو ہندستان کی مشترکہ تہذیب کی علامت ہے'' اس قول پر اظہارِ خیال کیجیے۔ 20

(b) ''اُردو جدید ہند آریائی زبان ہے'' اس قول کی وضاحت مع امثال کیجیے۔ 15

(c) ''اُردو زبان کا رسمِ خط صوری ہے'' ایک مفصل نوٹ لکھیے۔ 15

Optional Province · optionalprovince.com

SECTION B

5Q. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ *10×5=50*

(a) اجزائے ترکیبی کے ساتھ قصیدہ نگاری پر نوٹ لکھیے۔ *10*

(b) فراق گورکھپوری کی غزل گوئی کے محاسن پر روشنی ڈالیے۔ *10*

(c) علامہ شبلی نعمانی کی سوانح نگاری کا جائزہ لیجیے۔ *10*

(d) بیسویں صدی کی غزل گوئی پر اظہارِ خیال کیجیے۔ *10*

(e) پریم چند یا قرۃ العین حیدر کی کسی ناول پر تبصرہ کیجیے۔ *10*

6Q. حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہو۔

(a) دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے کسی ایک نمائندہ شاعر پر اظہارِ خیال کیجیے۔ *20*

(b) ترقی پسند تحریک کی خصوصیات بیان کیجیے۔ *15*

(c) دہلی اسکول کے امتیازات بتائیے۔ *15*

7Q. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب قلم بند کیجیے۔ ہر جواب تقریباً تین سو (300) الفاظ پر مشتمل ہو۔

(a) ''مقدمہ شعر و شاعری'' پر ایک تنقیدی نوٹ لکھیے۔ *20*

(b) جدید تنقیدی رجحانات پر اظہارِ خیال کیجیے۔ *15*

(c) احتشام حسین کے حوالے سے مارکسی تنقید پر ایک نوٹ لکھیے۔ *15*

Optional Province · optionalprovince.com

Q8. مندرجہ ذیل عنوانات پر مضمون لکھیے۔

(a) ادب اور سماج کا رشتہ 20

(b) برق میڈیا اور اظہار کی آزادی 15

(c) ہندستان کی جنگِ آزادی میں اُردو صحافت کا کردار 15

Optional Province · optionalprovince.com